یا

حالیؔ کے حالات زندگی کو قلم بند کرتے ہوئے ان کی ادبی خدمات سے بحث کیجیے۔

۲۔ جگرمرادآبادیؔ کی غزل گوئی کا جائزہ لیتے ہوئے ان کی غزلوں کے امتیازات واضح کیجیے۔

یا

پروین شاکر کے حالات زندگی کو بیان کرتے ہوئے ان کی غزل گوئی کا جائزہ لیجیے۔



No. of Printed Pages : **6** **BUDC-104**

# B.A. Hons. (Urdu) (BAUDH)

## Term-End Examination

## December, 2024

## BUDC-104 : Study of Modern Urdu Ghazal

## (Jadeed Urdu Ghazal ka Mutala)

*Time : Three Hours ]* *[ Maximum Marks : 100*

---

نوٹ:۔ سبھی سوالوں کے جواب لازمی ہیں۔ اور تمام سوالوں کے نمبر برابر ہیں۔

---

۱۔ جدید غزل سے کیا مراد ہے؟ وضاحت کرتے ہوئے اس کی خصوصیات کو بیان کیجیے۔

۳۔ خلیل الرحمٰن اعظمی کی غزل گوئی سے بحث
کیجیے۔

یا

اصغر گونڈوی کی غزلوں کی خصوصیات
مثالوں سے واضح کیجیے۔

۴۔ فیض احمد فیض کے حالات زندگی سے بحث
کرتے ہوئے ان کی غزلوں کے امتیازات
کی نشاندہی کیجیے۔

یا

معین احسن جذبی کی غزل گوئی کا جائزہ
لیجیے۔





۵۔ مندرجہ ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔

دل کو خیال یار نے مخمور کردیا
ساغر کو رنگ بادہ نے پر نور کردیا

مانوس ہو چلا تھا تسلی سے حال دل
پھر تو نے یاد آکے بہ دستور کردیا

بے تابیوں سے چھپ نہ سکا ماجرائے دل
آخر حضور یار بھی مذکور کردیا

اہل نظر کو بھی نظر آیا نہ روے یار
یاں تک حجاب نور نے مستور کردیا

حسرتؔ! بہت ہے مرتبۂ عاشقی بلند
تجھ کو تو مفت لوگوں نے مشہور کر دیا

یا

مرا حال پوچھ کے ہم نشیں مرے سوز دل کو ہوا نہ دے
بس یہی دعائیں کروں ہوں اب کہ یہ غم کسی کو خدا نہ دے
یہ جو زخم دل کو پکائے ہم لیے پھر رہے ہیں چھپائے ہم
کوئی ناشناس مزاج غم کہیں ہاتھ اس کو لگا نہ دے
تو جہاں سے آج ہے نکتہ چیں کبھی مدتوں میں رہا وہیں
میں گدائے راہ گذر نہیں، مجھے دور ہی سے صدا نہ دے





تب و تاب عشق کا ہے کرم کہ جمی ہے محفل چشم نم
ذرا دیکھو اے ہوائے غم یہ چراغ کوئی بجھا نہ دے
وہ جو شاعری کا سبب ہوا وہ معاملہ بھی عجب ہوا
میں غزل سناؤں ہوں اس لیے کہ زمانہ اس کو بھلا نہ دے

×××××××